سوال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی بار عمرہ کیا؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پوری زندگی میں چار بار عمرہ کیا۔

سیدنا انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں :

اعتمر رسول اللہ صلى اللہ عليه وسلم أربع عمر، كلهن في ذي القعدة، إلا التي كانت مع حجته : عمرة من الحديبية في ذي القعدة، وعمرة من العام المقبل في ذي القعدة، وعمرة من الجعرانة، حيث قسم غنائم حنين في ذي القعدة، وعمرة مع حجته (صحیح البخاري، المغازي : 4148)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار عمرے کئے اور سوا اس عمرے کے جو آپ نے حج کے ساتھ کیا' تمام عمرے ذیقعدہ کے مہینے میں کئے۔ حدیبیہ کا عمرہ بھی آپ ذی قعدہ کے مہینے میں کرنے تشریف لے گئے پھر دوسرے سال (اس کی قضا میں) آپ نے ذی قعدہ میں عمرہ کیا اور ایک عمرہ جعرانہ سے آپ نے کیا تھا' جہاں غزوہ حنین کی غنیمت آپ نے تقسیم کی تھی ۔ یہ بھی ذی قعدہ میں کیا تھا اور ایک عمرہ حج کے ساتھ کیا (جو ذی الحجہ میں کیا تھا)

1. عمرہ حدیبیہ : یہ سب سے پہلا عمرہ ہے جو چھ ہجری میں کیا- مشرکین مکہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام مکہ داخل ہونے سے روک دیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے اونٹ وہیں ذبح کردیے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام نے اپنے سر منڈوا دیے اور احرام سے حلال ہوگئے ۔

2. عمرہ قضاء : حدیبیہ سے اگلے سال 7 ہجری کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرام کے ساتھ تشریف لائے ، عمرہ ادا کیا، مکہ مکرمہ میں تین دن قیام فرمایا، پھر واپس تشریف لے گئے ۔

3. وہ عمرہ جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کے ساتھ کیا تھا ۔

4. غزوہ حنین کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جعرانہ سے احرام باندھ کر عمرہ ادا کیا ۔

واللہ أعلم بالصواب